12

آیات نمبر 78 تا 82 میں یہود کے علما کا کردار بیان کیا گیا ہے کہ حقیر رقم کی خاطر تورات کی
آیات کو تبدیل کر دیتے ہیں۔ یہود کی غلط فہمی کہ انہیں چند دن سے زیادہ جہنم میں نہیں ڈالا
جائے گا اور انہیں تنبیہ کہ جنت میں صرف اہل ایمان ہی جائیں گے۔

وَ مِنۡهُمۡ اُمِّيُّوۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ الۡكِتٰبَ اِلَّاۤ اَمَانِىَّ وَ اِنۡ هُمۡ اِلَّا يَظُنُّوۡنَ ﴿۷۸﴾
اور ان یہود میں سے بعض ان پڑھ ایسے بھی ہیں جنہیں اپنی کتاب یعنی تورات کا تو
کوئی علم نہیں مگر انہوں نے کچھ سنی سنائی باتوں پر چند امیدیں قائم کر رکھی ہیں، یہ
لوگ محض وہم و گمان پر چلے جا رہے ہیں فَوَيۡلٌ لِّلَّذِيۡنَ يَكۡتُبُوۡنَ الۡكِتٰبَ
بِاَيۡدِيۡهِمۡ ۗ ثُمَّ يَقُوۡلُوۡنَ هٰذَا مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ لِيَشۡتَرُوۡا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيۡلًا ؕ
پس ایسے لوگوں کے لئے بڑی خرابی ہے جو تحریف کر کے اپنے ہی ہاتھوں سے کتاب
لکھتے ہیں، پھر کہتے ہیں کہ یہ حکم اللہ کی طرف سے آیا ہے تاکہ اس کے عوض تھوڑا سا
دنیاوی منافع کما لیں یہ یہودی علماء کا کردار تھا فَوَيۡلٌ لَّهُمۡ مِّمَّا كَتَبَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ وَ
وَيۡلٌ لَّهُمۡ مِّمَّا يَكۡسِبُوۡنَ ﴿۷۹﴾ سو ان کے لئے اس تحریف کی وجہ سے ہلاکت ہے جو
ان کے ہاتھوں نے تحریر کی ہے اور یہ دنیاوی نفع جو وہ کما رہے ہیں دراصل ان کے
لئے تباہی ہے وَ قَالُوۡا لَنۡ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّاۤ اَيَّامًا مَّعۡدُوۡدَةً ؕ اور وہ یہود کہتے
ہیں کہ محض گنتی کے چند دنوں کے سوا ہمیں دوزخ کی آگ ہر گز نہیں چھوئے گی قُلۡ
اَتَّخَذۡتُمۡ عِنۡدَ اللّٰهِ عَهۡدًا فَلَنۡ يُّخۡلِفَ اللّٰهُ عَهۡدَهٗۤ اَمۡ تَقُوۡلُوۡنَ عَلَى
اللّٰهِ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۸۰﴾ اے پیغمبر (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم) آپ ان سے دریافت کیجئے کہ کیا تم اللہ

سے کوئی ایسا وعدہ لے چکے ہو کہ اب وہ اپنے وعدے کے خلاف ہرگز نہ کرے گا یا تم
اللہ پر یونہی وہ بہتان باندھ رہے ہو جو تم خود بھی نہیں جانتے بَلٰى مَنْ كَسَبَ
سَيِّئَةً وَّ اَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا
خٰلِدُوْنَ ﴿۸۱﴾ بلکہ اصل بات یہ ہے کہ جس کسی نے گناہ کمائے اور اس کے گناہوں
نے اس کو ہر طرف سے گھیر لیا تو ایسے ہی لوگ جہنمی ہیں، وہ اس جہنم میں ہمیشہ ہمیشہ
رہیں گے وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۲﴾ اور اس کے برعکس جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک
اعمال کیے تو ایسے ہی لوگ اہل جنت ہیں، وہ اس جنت میں ہمیشہ رہیں گے رکوع [۹]

[# 12]

In verses 78 to 82, the role of the Jewish scholars is described, that they change the verses of the Torah for the sake of money. The misunderstanding of the Jews that they will not be put in hell for more than a few days and warning them that only the believers will go to heaven.

وَ مِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ وَ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۷۸﴾

And some of these are illiterate who have no knowledge of their book [Torah], except wishful thinking, and they are only following conjecture.

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ۗ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ
هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ

So, Woe to such people who distort and write the book with their own hands, then claim that this commandment has come from Allah in order to earn a little worldly profit in return. [This was the role of the Jewish scholars.]

فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَ وَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا
يَكْسِبُوْنَ ﴿٧٩﴾

So, Woe to them for what their hands have written, and woe to them for what they have earned [from it].

وَ قَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ؕ

And they say that Hellfire will never touch us except for a few days of counting.

قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ

اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝٨٠

[O Prophet], say [to them]: whether you have taken a promise from Allah that He will never go against His promise, or do you say something about Allah, which you yourself do not know?

بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّ اَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ فَاُولٰٓىِٕكَ
اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٨١﴾

[Rather, the truth is that] whoever commits sins and his sins surround him from all sides, such people are the people of hell, they will remain in this hell forever and ever.

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ
الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٨٢﴾

[And on the contrary,] those who believed and did good deeds, such are the people of Paradise, they will remain in this Paradise forever and ever.